یوتھ پارلیمنٹ پاکستان

2014

آرڈر آف دی ڈے

منعقد اجلاس یوتھ پارلیمنٹ پاکستان مورخہ 8 اگست 2014 بروز جمعہ، بوقت 09:30 بجے کے لئے،

1: تلاوت قرآن کریم۔

قراردادیں

2: **محترمہ عائشہ صدیق خان**(YP28-PUNJAB09) ذیل قرارداد پیش کرنا چاہتی ہے:

"اس ایوان کی رائے ہے کہ غزہ میں شہری آبادی کے حالیہ قتل عام ہر تعریف میں نسل کشی اور انسانیت کے خلاف جرائم کی تشکیل ہے،اس طرح اسرائیل بین الاقوامی قانون کے بہت سے دفعات کی خلاف ورزی کا مرتکب ہے۔ شہری ہلاکتوں کی تعداد 600 سے زیادہ ہے، جس میں سے زیادہ تر معصوم بچے شامل ہے اور اقوام متحدہ کے چارٹر کے باب 7 آرٹیکل 51 کے تحت اسرائیل کے دفاع کے حق کے ساتھ زیادتی ہے۔ یہ ایوان اس جارحیت کا پرزور مذمت کرتا ہے اور جنگ کے خاتمے کیلئے مطالبہ کرتا ہے کہ سخت شرائط کے تحت اسرائیل کو بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی کے لئے جوابدہ بنایا جائے۔

3: **جناب علی شان خان**(YP13-KP01) اور
محترمہ عائشہ صدیق خان(YP22-PUNJAB09) ذیل قرارداد پیش کرنا چاہتے ہیں:

"اس ایوان کی رائے ہے کہ آپریشن ضرب عضب کی وجہ سے آئی ڈی پیز کی بندوبستی علاقوں میں منتقلی جیسا کہ بنوں، ڈیرہ اسماعیل خان اور لکی مروت، ایک بہت حساس حل طلب مسئلہ بن گیا ہے۔ آئی ڈی پیز نے سب کچھ چھوڑ دیا ہے اور بنوں میں گھروں میں اور کیمپوں میں پناہ لی ہیں۔ اس کے علاوہ وہ راشن اور پانی کی سہولیات کی وصولی میں مسائل کا سامنا کر رہے ہیں۔ یہ ایوان مطالبہ کرتا ہے کہ حکومت پاکستان (وفاقی اور صوبائی) دونوں آئی ڈی پیز کو ان کے گھر کے دروازے پر ریلیف فراہم کریں۔"

4: **جناب جہانزیب بلوچ**(YP05-BALOCHISTAN03)،

جناب مظہر قیصرانی(YP37-PUNJAB18)،

محترمہ عائشہ صدیق خان(YP28-PUNJAB09)،

محترمہ شازیہ بتول ہزارہ(YP06-BALOCHISTAN04)اور

جناب عجب خان(YP03-BALOCHISTAN01)ذیل قرارداد پیش کرنا چاہتے ہیں:

"اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت پاکستان کو بلوچ لاپتہ افراد کی محفوظ بازیابی کو یقینی بنانا چاہیے۔ جیسا کہ سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ، بہت سے معاملات میں ثبوت فرنٹیئر کور (ایف سی) اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ بلوچستان کے لوگوں میں بڑھتی ہوئی مایوسی مطالبہ کرتی ہے کہ اس مسئلہ کو مہذب اور جمہوری انداز سے حل کیا جانا چاہئے۔"